© rasailojaraid.com

اس پر تبصرہ نکلا تھا لیکن اول تو پاکستان سے کتابوں کی آمد و رفت بند ہے اور پھر اس کتاب کی مقبولیت اور اہمیت! ان وجوہ کے پیش نظر اب ندوۃ المصنفین نے اس کا جدید اڈیشن اپنی روایت کے مطابق نہایت آب و تاب اور اہتمام سے شائع کیا ہے کتاب کا موضوع اس کے نام سے ظاہر ہے اور فاضل مصنف بھی وقت نظر بحث کی جامعیت اور جزئی مسائل کے استیعاب واستقصا کے لئے ارباب علم میں معروف ہیں اور پھر اس کتاب پر پہلے تبصرہ ہو بھی چکا ہے اس لئے اس موقع پر صرف اتنا کہہ دینا کافی ہوگا کہ آج کل اجتہاد اور اس کے مسائل پر بحث و گفتگو عام ہے اور اس سلسلے کی کوئی بحث اور کوئی گفتگو اس کتاب کے مطالعہ کے بغیر مکمل نہیں ہوگی یہ اس لائق ہے کہ انگریزی اور عربی میں اس کا ترجمہ کیا جائے۔

چند مشاہیر - از جناب عبدالاحد صاحب معظم آبادی۔ تقطیع خورد ضخامت ۹۵ صفحات۔ کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت -/۲ پتہ: اعجاز ہوٹل۔ جامع مسجد۔ اردو بازار گورکھ پور۔ (یو۔پی)

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس کتاب میں ہندوستان کے اور دوسرے ملکوں کی ایسی ۲۶ نامور شخصیتوں کے حالات اور ان کے کارناموں کا مختصر تذکرہ ہے جنھوں نے علم و ادب میں یا زندگی کے کسی اور شعبہ میں نہایت نمایاں کارنامہ انجام دیا اور اس کے باعث شہرت عام کے دربار میں اپنا ایک مقام بنایا ہے۔ ظاہر ہے بڑے لوگوں کے کارناموں کا مطالعہ دلچسپ بھی ہوتا ہے اور سبق آموز بھی۔ چنانچہ یہی حیثیت اس کتاب کی بھی ہے۔ اس کی زبان بھی سہل اور آسان ہے۔ لیکن اگر اشخاص اور مقامات کے انگریزی نام انگریزی میں بھی لکھ دیئے جاتے اور جغرافیائی مقامات پر نوٹ بھی ہوتے تو یہ کتاب اسکولوں کے نصاب میں بھی شامل کرنے کے لائق ہوتی۔

MOHAMMAD THE BENEFACTOR OF HUMANITY

از جناب رحم علی صاحب ہاشمی۔ تقطیع متوسط ضخامت ۳۲۹ صفحات۔ ٹائپ جلی اور

© rasailojaraid.com